امام صادقؑ آنلائن مدرسہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

درس: ۳۰

(تتمہ)

ImamSadiq.tv

عمر میں برکت اور طب سے واقفیت

جو چیزیں عمر میں برکت کا سبب ہوتی ہیں ان میں سے:

- دوسروں کو آزار واذیت دینے سے پرہیز کرنا

کسی کو تکلیف دینے سے پرہیز کرنا عمر میں برکت لاتا ہے اب تکلیف واذیت سماعی ہو، روحی ہو، جسمانی ہو، نفسیاتی ہو یا مال واسباب سے متعلق ہو ہر طرح کی اذیت وتکلیف سے پرہیز کرنا چاہئے۔

- بڑوں کا احترام کرنا
- رشتہ داروں سے تعلقات بنائے رکھنا چاہے ان کے کچھ طور طریقہ آپ کو پسند نہ ہوں لیکن ایک سلام واحوالپرسی کی حد تک ہی سہی صلۂ رحم کرنا عمر میں اضافہ کا باعث ہے۔
- تروتازہ درختوں کو کاٹنے سے بچنا مگر یہ کہ کوئی مجبوری ہو۔
- ہمیشہ باوضو رہنا۔
- صحت کا خیال رکھنا

طالب علم کے لئے کم وبیش طب سے آشنائی ہونا ضروری ہے۔ اور اس کے لئے بہترین راستہ نبی اکرمؐ اور ائمہؑ سے وارد آثار سے فیض حاصل کرنا ہے۔

مصنف نے جس طبّی کتاب کی طرف اشارہ کیا وہ ابو العباس مستغفری کی تصنیف طب النبی ہے، ابو العباس (۳۵۰تا۴۳۲ھ) بعض علما کے مطابق شیعہ اور بعض کی نظر میں سنی حنفی عالم تھے۔

طب میں اور بھی کتابیں لکھی گئی ہیں جن میں سے دینوری کی طب النبی، ابو نعیم اصفہانی، شمس الدین ذہبی اور جلال الدین سیوطی وغیرہ کی اسی موضوع پر لکھی ہوئی کتابیں ہیں۔ مذہب شیعہ میں سب سے پہلے بسطام کے دو بیٹے عبد اللہ اور حسین نے طب الائمہ علیہم السلام کے عنوان سے لکھی ہے۔ البتہ طب الصادق، طب الکاظم اور طب الرضا علیہم السلام کے نام سے کتابیں بھی تصنیف کی گئی ہیں۔ اور مامون کے اصرار پر خود امام رضاؑ نے ایک کتاب طب میں تصنیف فرمائی تھی جسے رسالۂ ذھبیہ کے نام سے جانا جاتا ہے۔

جس طرح ہم فقہ کے باب میں بغیر تحقیق واجتہاد کے ہر روایت پر عمل نہیں کر سکتے اسی طرح طب کے باب میں بھی تحقیق واجتہاد کئے بغیر ہر روایت پر عمل کرنا صحیح نہیں ہے۔ صرف ایک روایت کو دیکھ کر بظاہر شباہت رکھنے والے ہر مریض کے لئے وہی نسخہ تجویز نہیں کیا جا سکتا، اس کے لئے تحقیق و تفحص اور اجتہاد کی ضرورت ہے۔

طب ائمہ علیہم السلام ایک مکمل نظام طبابت ہے جس کو جدید نظام حفظان صحت کی ضرورت نہیں ہے کیونکہ یہ علم اس ذات اقدس سے لیا گیا ہے جو مریض کے جسم وروح کی مکمل واقفیت کے ساتھ نسخہ تجویز کرتا ہے، اور کیوں نہ ہو کہ مرض دینے والا وہی ہے اور شفا بھی وہی دیتا ہے۔

و الحمد لله ربّ العالمين.

ImamSadiq.tv ImamSadiq.tv ImamSadiq.tv